فوری ریلیز کے لیے: 23/10/2023 ***گورنر KATHY HOCHUL***

گورنر HOCHUL نے ٹرائے میں $65 ملین فلانیگن اسکوائر میں انقلابی تبدیلیوں لانے والے کاموں کا سنگ بنیاد رکھنے کا اعلان کر دیا

ریور اسٹریٹ پروجیکٹ (River Street Project) مخلوط آمدنی والوں کے لئے 72 اپارٹمنٹس اور 123 یونٹ والی سینئر ہاؤسنگ عمارت بنائے گا

تجارتی کرایہ داروں میں سستا "بارگین گروسری" اسٹور شامل ہے جو اس علاقے میں خوراک کے عدم تحفظ کا مقابلہ کرنے میں مدد دے گا

اس سے ڈاؤن ٹاؤن کی بحالی کے اقدام (Downtown Revitalization Initiative) کے ذریعے ٹرائے میں ایک متحرک تجارتی ضلع بنانے کے لئے $10 ملین کی سرمایہ کاری سے مزید فعالیت آئے گی

گورنر Kathy Hochul نے آج نے فلانیگن اسکوائر کا سنگ بنیاد رکھنے کا اعلان کیا جو ٹرائے، رینسیلر کاؤنٹی میں ریور اسٹریٹ پر واقع $65 ملین مالیت کی ایک مخلوط استعمال والی عمارت ہے۔ First Columbia کی جانب سے تیار کردہ یہ پروجیکٹ تین عمارتوں پر محیط ہے اور اس میں رہائش کے لئے 200 سے زیادہ یونٹ شامل ہوں گے بشمول کم آمدنی والے اور بزرگوں کی رہائشگاہیں، ایک سستا گروسری اسٹور، اور 40,000 مربع فٹ سے زیادہ کی کمرشل جگہ۔ ٹرائے کی ڈاؤن ٹاؤن ری وائیٹیلائزیشن انیشیٹو والی ڈسٹرکٹ کے اندر واقع انقلابی تبدیلیاں کرنے والا یہ منصوبہ کیپیٹل ریجن کے علاقے کے سب سے زیادہ معاشی طور پر بدحال اور غریب آبادی والے علاقوں میں سے ایک میں رہائش اور خوراک کے عدم تحفظ جیسے مقامی چیلنجوں سے نمٹنے میں مدد دے گا اور ساحل کے ساتھ ساتھ ایک ایسی عمارت بنائے گا جس سے اس علاقے میں ترقی اور خوشحالی پروان چڑھے گی۔

"سیکڑوں ہاؤسنگ یونٹس، ایک بالکل نئے اور سستے گروسری اسٹور، اور شہر ٹرائے میں عوامی حلقوں کی بہتری والے ہدف کا حامل فلانیگن اسکوائر بالکل ویسے منصوبوں کی نمائندگی کر رہا ہے جن کی ہمیں اپنے شہر میں زندگی کی نئی روح پھونکنے کے لئے ضرورت ہے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "اس جیسی عمارتوں کی تعمیر میں سرمایہ کاری کے ذریعے میری انتظامیہ ہاؤسنگ سپلائی کو بڑھانے، غذا سے متعلقہ عدم تحفظ جیسے دیگر دیرینہ مسائل کو حل کرنے، اور پوری ریاست نیو یارک ریاست میں متحرک، زندگی سے بھرپور محلے بنانے میں مدد کر رہی ہے جو اس علاقے کی معیشت کو ترقی دینے میں بھی مدد کریں گے۔"

فلانیگن اسکوائر کی اس بڑی تبدیلی میں تین مقامات شامل ہیں - 547, 549 اور River Street 558 - جو سبھی ڈاؤن ٹاؤن ٹرائے میں واقع ہیں۔ River Street 547 پر اس پروجیکٹ میں 68,000 مربع فٹ دفتر کی جگہ کو 72 رہائشی یونٹوں میں تبدیل کرنے کا کام شامل ہے – جن میں سے نصف سے زیادہ یونٹ کم آمدنی والے افراد کے لئے مختص کیے جائیں گے۔ اندرونی اور بیرونی مرمت اور اضافی تزئین و آرائش کے ذریعے 40,000 مربع فٹ سے زیادہ تجارتی جگہ پیدا ہوگی، جس میں باہر کی جانب شیشے کی چاردیواری کے اندر چٹانوں پر چڑھنے والی دیوار اور جم کے منصوبے بھی شامل ہیں۔ سائٹ کے اضافی کاموں میں پیدل چلنے کے راستے، الیکٹرک گاڑیوں کے چارجنگ اسٹیشن، اور پارکنگ کی بہتر جگہ بنانا شامل ہیں۔ اس کے تقریباً بالکل برابر میں River Street 549 پر First Columbia والے 123 یونٹوں والی ایک سینئر ہاؤسنگ عمارت بنانے کا منصوبہ بنا رہے ہیں۔

سڑک کے اس پار 558 River Street پر First Columbia والے تقریباً 20,000 مربع فٹ تجارتی جگہ کی مرمت اور تزئین کریں گے جس سے اسکی پہلی منزل پر ایک گروسری اسٹور اور دوسری منزل پر کھانے بنانے والا باورچی خانہ شامل کیا جائے گا۔ Bargain Grocery، جو سب سے پہلے سنہ 2002 میں یوٹیکا میں کھولی گئی تھی، اس مقام پر اپنا سٹور بنانے کا ارادہ رکھتے ہیں جس سے اس علاقے میں بچے کھچے کھانے کو کام میں لانے اور خوراک کے عدم تحفظ سے نمٹنے میں مدد ملے گی۔ یہ سٹور قومی سطح کے اور مقامی دکانداروں کے ساتھ ایسے کھانے خریدنے والی شراکت کرتا ہے جو ضرورت سے زیادہ بن گیا ہو، اور کمپنیوں سے عطیہ کردہ مصنوعات حاصل کرکے بعد میں انہیں کم قیمت پر فروخت کرتا ہے۔ اس سٹور سے حاصل ہونے والا منافع ضرورت مند لوگوں کی مدد کرنے والی تنظیم Compassion Coalition کو جاتا ہے جو بغیر منافع کے کام کرتی ہے۔

Bargain Grocery خوراک کے عدم تحفظ میں مبتلا علاقوں میں سستی قیمتوں پر معیاری، صحت مند کھانے پیش کرتا ہے، اور اسکے علاوہ وہ کھانا ضائع ہونے سے بچانے والے اقدامات بھی کرتا ہے اور ضرورت مندوں کو ضروری مالی امداد فراہم کرتا ہے۔

ریاست نیو یارک کے سکریٹری آف اسٹیٹ Robert J. Rodriguez نے کہا، "ٹرائے کا شہر ایک ایسی تاریخی اور متحرک کمیونٹی ہے جس میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔ ٹرائے کے دریا کنارے کے ساحل کی اہمیت کو تسلیم کرتے ہوئے Downtown Revitalization Initiative مقامی افراد کی ملکیت والے متعدد چھوٹے کاروباروں اور آرٹس اور ثقافت سے متعلقہ اداروں کے لیے باہم مربوط کرنے والے ایک کنیکٹر کے طور پر کام کرتا ہے۔ Troy Downtown Revitalization Initiative نے وہاں جو نئی روح پھونکی ہے اس کے نتیجے میں اب وہاں مزید مفید و مددگار سرمایہ کاریاں بھی آ رہی ہیں جیسے کہ Flanigan Square۔ گورنر Hochul کی DRI کے ساتھ مضبوط وابستگی کی بدولت، ٹرائے میں اب طویل عرصے سے خالی عمارتوں کو زندگی سے بھرپور کثیر المقاصد اداروں میں دوبارہ تعمیر کرنے کا کام مسلسل جاری ہے۔ ہاؤسنگ یونٹس شام کرنے سے -- بشمول بزرگوں کے لئے رہائشگاہیں بنا کر -- اور وہاں رہنے والوں کو تازہ، صحت مندانہ، اور سستی گروسری تک آسان رسائی دے کر ان میں بخوشی وہاں رہنے، دل لگا کر کام کرنے اور اپنے اہل خانہ کی پرورش کرنے کا جذبہ بیدار ہو رہا ہے۔"

Empire State Development کی صدر، سی ای او اور کمشنر Hope Knight نے کہا، "ہمیں انقلابی تبدیلیاں لانے والے فلانیگن اسکوائر پروجیکٹ کی حمایت کرنے پر خوشی ہے، جس سے نہ صرف رہائشیوں کو اس پوری کمیونٹی میں سستی، صحت بخش خوراک، اور صحت و تندرستی کی سروسز اور مقامی ریٹیل سامان تک رسائی پانے میں مدد ملے گی جسکی بہت زیادہ ضرورت ہے، بلکہ اس سے بڑے کاروبار بھی اس علاقے کی جانب راغب ہوں گے، نئی ملازمتیں پیدا ہوں گی، اور معیشت کو فروغ ملے گا۔"

First Columbia کے بانی اور صدر Kevin Bette نے کہا، "میرے خیال میں اس علاقے کی بہتری کے لئے Bargain Grocery سے بہتر کوئی اور چیز نہیں ہے جو آپ یہاں کی کمیونٹی کے لیے کر سکتے ہیں۔ اس محلے میں اور اس سے ملحقہ شہر کے علاقے میں جس سب سے ضروری سہولت کی کمی ہے وہ ہے ایک مکمل گروسری اسٹور۔ یہ یقیناً ایک انقلابی تبدیلی ثابت ہوگی۔"

$65 ملین کے اس منصوبے کو ESD گرانٹس کی مد میں $6.7 ملین تک کی رقوم سے مدد دی جا رہی ہے، جس میں کیپٹل ریجن کے Upstate Revitalization Initiative فنڈ سے $3 ملین بھی شامل ہیں۔ ESD نے اس پروجیکٹ کو نیو مارکیٹ ٹیکس کریڈٹس کی مد میں بھی $9 ملین تک رقوم دی ہیں جو ریاست کے کم آمدنی والے علاقوں میں کمیونٹی کی ترقی کو فروغ دینے کے لیے ڈیزائن کیے گئے ہیں۔ مزید برآں، ٹرائے کا شہر اپنے امریکن ریسکیو پلان ایکٹ کت تحت مختص کردہ رقوم میں سے $400,000 کا تعاون کر رہا ہے۔ یہ پروجیکٹ نو ملازمتیں پیدا کرے گا، اور توقع ہے کہ اس سے مقامی طور پر 120 سے زیادہ بالواسطہ ملازمتیں بھی پیدا ہوں گی۔

Bargain Grocery کے بانی Mike Servello نے کہا، "ٹرائے کے اس حصے کو 'غذائی صحرا' کہا جا سکتا ہے، چنانچہ یہ واقعی ہمارے مشن کے لیے موزوں ہے۔ کم وسائل والے محلوں کے رہائشیوں کو ویسی ہی صحت بخش خوراک، ویسے ہی سودوں تک رسائی نہیں ہے جن تک دوسروں کو حاصل ہے۔ گروسری کے بڑے کاروبار عام طور

سے ایسے علاقوں میں کاروبار نہیں کرتے ہیں، اس لیے ہم اس اہم ترین مسئلے سے نمٹنے اور کچھ کرنے کے لیے کمیونٹی کے دیگر رہنماؤں کے ساتھ شراکت کر رہے ہیں۔"

فلیگن اسکوائر پروجیکٹ ٹرائے کے ڈاؤن ٹاؤن ری ویٹلائزیشن انیشی ایٹو زون کے شمالی سرے پر واقع ہے، جو 2021 میں ایوارڈ کیا گیا تھا۔ یہ تنگ اور باریک ریور واک DRI ڈسٹرکٹ شہر کے فنون لطیفہ، ثقافتی اور تفریحی اثاثوں کے ایک بڑا حصے کی حامل ہے جس میں ڈیڑھ میل سے زیادہ طویل دریائی ساحل بھی شامل ہے۔ $10 ملین مالیت کے ایوارڈ کے ایک جزو کے طور پر، فنڈنگ کے لیے کُل 11 پروجیکٹس کا انتخاب کیا گیا تھا جو اس علاقے کے متحرک فنون اور ثقافت والے نظاروں، پیدل چلنے والوں اور دوستیاں کرنے والوں کے لئے آسان، رہائشی مواقع اور کمیونٹی سروسز کو بڑھانے کے لیے ڈیزائن کیے گئے تھے۔

ریاستی سینیٹر Jacob Ashby نے کہا، "یہ ایک خاص مقصد کے تحت کی جانے والی پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کی اقسام ہیں جو رہائشیوں کی بنیادی ضروریات کو پورا کرنے اور مضبوط اقتصادی ترقی میں پیشرفت کرنے میں مدد کرتی ہیں۔ میں نے آج Bargain Grocery کے عہدیداروں سے ملاقات کی، اور مجھے یقین ہے کہ وہ ایک بہترین شہری پارٹنر بننے جا رہے ہیں۔ مجھے اس بات کی بھی بہت خوشی ہے کہ ریاست متوسط طبقے والے گھرانوں، بزرگ شہریوں، اور ایسے افراد کے لیے مکانات کی تعمیر میں سرمایہ کاری کر رہی ہے جو اپنی ضروریات پوری کرنے کے لیے بڑی مشکلات سے دوچار ہیں۔ میرے خیال میں یہ پروجیکٹ ٹرائے کے لیے ایک کثیر جہتی فتح ہے، اور مجھے اس کی حمایت کرکے حقیقی خوشی ہوئی ہے۔"

رکن اسمبلی John T. McDonald III نے کہا "آجکی فلانیگن اسکوائر کا سنگ بنیاد رکھنے کی یہ تقریب سستی رہائش کی تعمیر کے لیے شہر کے دیرینہ عزم کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ یہ مخلوط استعمال والی اور سینئر ہاؤسنگ عمارت خاندانوں اور بزرگ شہریوں کو وہ مستقل اور مستحکم سستی رہائشگاہ فراہم کرے گی جس کی انہیں استحکام اور تحفظ حاصل کرنے کے لئے بہت ضرورت ہے۔ Bargain Grocery کی ایک تجارتی کرایہ دار کے طور پر شرکت ٹرائے شہر کے اس غذائی صحرا میں گروسری سروس کی ایک بڑی ضرورت کو پورا کرے گا اور یہاں رہنے والوں کو تازہ اور غذائیت سے بھرپور کھانوں تک آسان، مساوی رسائی فراہم کرنے میں مدد دے گی۔ میں ٹرائے کے شہر میں اس مسلسل جاری سرمایہ کاری کو دیکھ کر بہت خوش ہوں۔"

ٹرائے کے مئیر Patrick Madden نے کہا، "ٹرائے کا شہر امریکن ریسکیو پلان ایکٹ (American Rescue Plan Act) کے فنڈز میں سے نارتھ سینٹرل میں گروسری اسٹور کے قیام کے لیے $400,000 مختص کرکے سبھی محلوں کے لیے معیاری غذائیت کی قدر کو تسلیم کر رہا ہے — جس فنڈز کا اولین مقصد ہی کمیونٹیز کو COVID-19 کے بعد واپس بحالی میں مدد دینا ہے۔ کم قیمتوں پر پیداواری اشیاء اور اعلیٰ معیار والی گروسری کی پیشکش کرکے، ہم اپنے خاندانوں کی غذائیت اور صحت دونوں کو محفوظ بنا رہے ہیں، اپنے اسکولوں میں نوجوانوں کی کارکردگی بڑھا رہے ہیں، اور اس محلے کے مجموعی معیار زندگی کو بہتر بنا رہے ہیں۔ میں First Columbia اور Empire State Development کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے اس گروسری اسٹور کو ٹرائے میں لا کر ایک مقامی غذائی صحرا سے نمٹنے والی یہ شراکت داری کی۔"

###